17 اکتوبر 2015ء

پاکستان اور بھارت کے مابین ترسیلات کا بہاؤ: اسٹیٹ بینک کی وضاحت

الیکٹرانک میڈیا پر نشر کی گئی بعض خبروں میں کہا جارہا ہے کہ پاکستان سے بھارت کو ترسیلاتِ زر کی صورت میں بھیجی جانے والی زرِ مبادلہ کی رقوم 4.6 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہیں، اور اسے عالمی بینک کی طرف سے انکشاف کہا جارہا ہے۔ اسٹیٹ بینک واضح لفظوں میں ان خبروں کو گمراہ کن قرار دیتے ہوئے ان کی تردید کرتا ہے۔ ادائیگیوں کے توازن کے ریکارڈ کے مطابق بھارت کو بھیجی جانے والی کارکنوں کی ترسیلات اور وہاں سے پاکستان آنے والی ترسیلات کا حجم 2014ء کے دوران بالترتیب 20 ہزار امریکی ڈالر اور 327 ہزار امریکی ڈالر رہا جو قابلِ نظرانداز رقم ہے۔ ادائیگیوں کے توازن کے ریکارڈ کے مطابق 2014ء میں بھارت کو مجموعی ادائیگیاں اور وہاں سے وصولیاں بالترتیب 1772 ملین امریکی ڈالر اور 479 ملین امریکی ڈالر رہیں۔

****